تعمیراتی ترقی کا سفر حسب سابق جاری وساری ہے' جس پر خداوند کریم کا جتنا بھی تشکر کیا جائے وہ کم ہے۔ دارالعلوم میں ہر سال طلباء کی تعداد بڑھتی چلی جارہی ہے' اس لئے دارالعلوم میں طلباء کی رہائش کے لئے ہاسٹلوں کا قیام ایک بڑا مسئلہ رہا ہے۔ لہٰذا اس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے سات آٹھ برس پہلے احاطہ امام بخاریؒ کی تعمیر کا بیڑہ اٹھایا اور نچلی ایک منزل کافی جدوجہد کے بعد تعمیر کرلی تھی لیکن باقی تعمیر اور دوسری منزل کے لئے اسباب کا فقدان تھا۔ لہٰذا حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ کے چند مخلص اہل خیر ساتھیوں جناب حاجی محمد طالب صاحب و حاجی سرور صاحب کے تعاون سے دوسری منزل کا افتتاح پچھلے سال ہوا جو الحمدللہ گزشتہ مکمل ہوگیا تھا لہٰذا اس کا باضابطہ افتتاح حضرت مہتمم صاحب مدظلہ' حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ و دیگر اساتذہ ومشائخ کے ہاتھوں ۲۳ فروری ۲۰۱۳ء کو بوقت ظہر معصوم بچوں کی تلاوت کلام پاک سے ہوا اور جن اہل خیر نے اس میں تعاون کیا ہے ان کے لئے اس موقع پر اُن کے لئے اجتماعی دعا کی گئی۔

نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ کی وفاق المدارس کی میٹنگ میں شرکت:

وفاق العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ کا ایک ہنگامی خصوصی اجلاس ملتان میں وفاق کے مرکز پر منعقد ہوا۔ اجلاس کراچی کے بگڑتے حالات اور علماء کرام کی پے درپے ٹارگٹ کلنگ کے بارے میں بلایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ بھی اس دو روزہ اجلاس میں وفاق سے متعلق دوسرے کئی اہم مسائل بھی زیر بحث آئے۔ اجلاس میں دارالعلوم کی نمائندگی حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ نے فرمائی۔

دارالعلوم کے مخلص اور خادم حاجی حافظ عبدالستار صاحبؒ کی وفات:

دارالعلوم حقانیہ اور خاندان حقانی کے دیرینہ و مخلص ساتھی جناب حافظ عبدالستار صاحب گزشتہ دنوں طویل علالت کے بعد انتقال کرگئے۔ جناب حافظ مرحوم دارالعلوم حقانیہ قدیم کی مسجد کے پہلے مؤذن وقدیم خادم مولانا باجوڑ صاحب کے فرزند تھے۔ آپ زندگی بھر دارالعلوم کی تعمیر وترقی کے ساتھ کسی نہ کسی طور پر وابستہ رہے۔ ادارہ تعلیم القرآن حقانیہ سکول میں کچھ عرصہ استاد بھی رہے۔ اس کے علاوہ دارالعلوم کے لئے پشاور اور پنجاب کے علاقوں میں اپنی کاروباری مصروفیات کے باوجود ہمیشہ اہل خیر سے دارالعلوم کے لئے چندہ و دیگر تعاون کے لئے پیش پیش رہتے۔ آپ حضرت مولانا عبدالحق نوراللہ مرقدہ کے تمام صاحبزادوں کے ہم عمر اور انتہائی قریبی دوست تھے۔ ادارہ اپنے اس مخلص اور قدیم ساتھی کی جدائی پر آپ کے بھائی جناب عبدالرحمٰن عابد سابق ہیڈ ماسٹر تعلیم القرآن حقانیہ سکول' جناب عبدالحلیم صاحب' مولانا محمد فہیم صاحب و دیگر پسماندگان سے دلی تعزیت کرتا ہے۔ قارئین اور فضلاء حقانیہ سے ان کے رفع درجات کے لئے اپیل کرتا ہے۔